ہندوستان کا برطانیہ سے شدید احتجاج

19 2023 مارچ

علیحدگی پسند اور انتہا پسند عناصر کی طرف سے لندن میں ہندوستانی ہائی کمیشن کے خلاف دن کے اوائل میں کی گئی کارروائیوں پر ہندوستان نے شدید احتجاج درج کرانے کے لیے نئی دہلی میں برطانیہ کے سب سے سینئر سفارت کار کو آج دیر شام طلب کیا گیا۔

برطانوی سکیورٹی کی مکمل غیر موجودگی کے سبب ان عناصر کو ہائی کمیشن کے احاطے میں داخل ہونے کا موقعہ مل گیا۔ حکومت ہند نے اس غفلت کی وضاحت طلب کی ہے ۔ اس سلسلے میں خاتون سفارت کار کو ویانا کنونشن کے تحت حکومت برطانیہ کی بنیادی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کرائی گئی۔

ہندوستان کو برطانیہ میں ہندوستانی سفارتی احاطے اور اہلکاروں کی حفاظت کے بارے میں برطانوی حکومت کی بے حسی ناقابل قبول ہے۔

توقع ہے کہ برطانیہ کی حکومت آج کے واقعے میں ملوث ہر ایک کی شناخت، گرفتاری اور مقدمہ چلانے کے لیے فوری اقدامات کرے گی، اور ایسے واقعات کی تکرار کو روکنے کے لیے سخت اقدامات کرے گی۔

نئی دہلی

19 2023 مارچ